General Medical Council

اگر آپ کا ڈاکٹر آپ کے بچے کی سلامتی کے بارے میں فکر مند ہے تو کس چیز کی توقع کی جائے

اگر کسی ڈاکٹر کو یہ تشویش لاحق ہے کہ بچے یا نوعمر شخص کو بدسلوکی یا بے توجہی کا خطرہ لاحق ہے تو، انہیں اس بچے یا نوعمر شخص کے محفوظ ہونے کو یقینی بنانے کے اقدامات کرنا لازمی ہے۔ ایسی صورت پیش آنا خاندانوں کیلئے کافی تکلیف دہ اور تناؤ بھرا ہوسکتا ہے اور والدین کو اکثر اس بارے میں سوالات درپیش ہوتے ہیں کہ ان کا ڈاکٹر کیا کرسکتا یا نہیں کرسکتا ہے۔ اس پرچہ سے ان سوالوں کا جواب دینے میں مدد ملے گی ۔

آپ کو دیگر ایسے بھی سوالات درپیش ہوسکتے ہیں جن کا یہاں پر احاطہ نہیں کیا گیا ہے، لہذا ہم نے اس پرچہ کے آخر میں رہنمائی اور تعاون کے دیگر وسائل تجویز کیے ہیں۔

اگر ڈاکٹر کے خیال میں میرا بچہ خطرے کی زد میں ہے تو ڈاکٹر کیا کرے گا؟

وہ جو اقدامات کریں گے ان کا انحصار صورتحال پر ہوگا۔ جہاں ممکن ہو، آپ کے ڈاکٹر کو آپ کے ساتھ کام کرکے یہ یقینی بنانا چاہیے کہ آپ کے بچے کو جو نگہداشت اور تعاون درکار ہے وہ انہیں حاصل ہوتا ہے۔

اگر ڈاکٹر کو یقینی طور پر معلوم نہیں ہے کہ آیا اپنی تشویش کا اظہار چائلڈ پروٹیکشن ایجنسی (ایجنسی برائے تحفظ اطفال) کے سامنے اٹھایا جائے تو، وہ ایک تجربہ کار رفیق کار (جیسے دوسرے ڈاکٹر یا نرس) سے مدد اور مشورہ طلب کریں گے۔ ممکن ہونے پر، وہ آپ کی یا آپ کے بچے کی نشاندہی کیے بغیر یہ کام کریں گے۔

جہاں ڈاکٹر کو یہ تشویش ہو کہ بچے کو بدسلوکی یا بے توجہی کا خطرہ لاحق ہے، یا اسے اس کا سامنا ہو رہا ہے تو، انہیں بچوں کا تحفظ کرنے کی ذمہ دار ایجنسی، جیسے مقامی اتھارٹی کی خدمات اطفال (children's services) یا NSPCC کو بتانا ضروری ہے۔

کیا ڈاکٹر کوئی کام کرنے سے قبل مجھے سے بات کرے گا؟

آپ کا ڈاکٹر عام طور پر آپ کو بتائے گا کہ آیا انہیں آپ کے بچے کی سلامتی کے بارے میں تشویش لاحق ہے اور اس بارے میں آپ سے بات کرے گا کہ ان تشویشات کا ازالہ کرنے کیلئے وہ کیا کریں گے۔ اگر ان کے خیال میں ایسا کرنے سے آپ کے بچے کو مضرت کا خطرہ بڑھ جائے گا تو یہ آپ سے نہ بتانے کی واحد وجہ یہ ہوگی ۔

آپ کو سوالات پوچھنے کا موقع دیا جانا چاہیے اور آپ کے سوالوں کا جواب کھلم کھلا اور ایمانداری سے دیا جانا چاہیے۔ ڈاکٹر کو آپ کی بات بغور سننا چاہیے اور کسی گزند یا دیگر ایسی علامات کی ممکنہ وجہ کے بارے میں ذہن کھلا رکھنا چاہیے جس سے بدسلوکی یا بے توجہی کا اشارہ مل سکتا ہو۔

کیا ڈاکٹر اپنی تشویشات کے بارے میں میرے بچے سے بات کرے گا؟

آپ کے ڈاکٹر کو آپ کے بچے کی عمر اور پختگی کو خیال میں رکھتے ہوئے، براہ راست ان سے بات کرنا اور ان کی بات بغور سننا چاہیے۔ جس وقت وہ فیصلہ کر رہے ہوں اس وقت انہیں آپ کے بچے کی آراء کو ہمیشہ زیر غور رکھنا چاہیے۔ آپ کا بچہ آپ کی غیر موجودگی میں ڈاکٹر سے بات کرسکتا ہے اگر اس چیز سے انہیں خود کو درپیش کسی دشواری کے بارے میں بات کرنے سے مدد مل سکتی ہو۔

کیا ڈاکٹر کو اپنی تشویشات کے بارے میں کسی اور سے بتانے کیلئے میری اجازت درکار ہے؟

ڈاکٹر کو عام طور پر نگہداشت صحت سے متعلق اپنی ٹیم سے باہر کے کسی فرد کے ساتھ آپ اور آپ کے بچے کے بارے میں معلومات کا اشتراک کرنے کیلئے منظوری درکار ہوگی۔ وہ آپ سے اس چیز کا مطالبہ کریں گے سوائے اس صورت کے جب ایسا نہ کرنے کی ٹھوس وجہ موجود ہو مثلا، اس وجہ سے ڈاکٹر کے خیال میں ایسا کرنے سے آپ کے بچے کیلئے خطرہ بڑھ جائے گا۔ اس طرح کے حالات میں، ڈاکٹر پہلے آپ کی منظوری طلب کیے بغیر معلومات کا اشتراک کرسکتا ہے۔

آپ کا بچہ ڈاکٹر کو اپنے بارے میں معلومات کا اشتراک کرنے کی اجازت دے سکتا ہے اگر ان کے اندر پختگی اور فیصلہ کرنے کی سمجھ بوجھ ہو۔ اگر نہیں ہے تو، آپ سے اپنے لئے بھی اور اپنے بچے کیلئے بھی منظوری دینے کو کہا جائے گا۔

منظوری طلب کرتے وقت، آپ کے ڈاکٹر کو وضاحت کرنی چاہیے کہ وہ کون سی معلومات کا اشتراک کرنا چاہتے ہیں، وہ کس کے ساتھ اور کیوں اس کا اشتراک کرنا چاہتے ہیں، اور معلومات کس طرح استعمال کی جائے گی۔

اگر میں یا میرا بچہ منظوری دینے سے منع کرتا ہے تو کیا ہوگا؟

جس وجہ سے منظوری دینے سے انکار کیا گیا ہے ڈاکٹر اس پر غور کرے گا۔ ڈاکٹر اس ممکنہ مضرت کے بارے میں بھی غور کرے گا جو معلومات کا اشتراک نہ کرنے کی وجہ سے آپ کے بچے کو لاحق ہوسکتی ہے۔

اگر آپ کے ڈاکٹر کے خیال میں آپ کے بچے کو اہم مضرت کا خطرہ لاحق ہے تو، وہ عموما کسی ایسے فرد کے ساتھ معلومات کا اشتراک کریں گے جو بچوں کے تحفظ کا ذمہ دار ہے اور عام طور پر وہ آپ کو بتائیں گے کہ انہوں نے ایسا کیوں کیا ہے۔

کیا ڈاکٹروں پر رازداری کا احترام کرنا ضروری نہیں ہے؟

بچوں اور نوعمر افراد اور ان کے کنبوں کو رازدارانہ طبی نگہداشت اور مشورہ حاصل کرنے کا حق ہے۔ لیکن کبھی کبھار ڈاکٹروں کو بچوں اور نوعمر افراد کو بدسلوکی یا بے توجہی سے محفوظ رکھنے کیلئے دوسروں کے ساتھ معلومات کا اشتراک کرنا ضروری ہوتا ہے۔

میں مزید مدد اور مشورے کیلئے کہاں جاسکتا ہوں؟

NSPCC بچوں اور نوعمر افراد کی جانب سے مہم چلانے والی ایک قومی چیریٹی (رفاہی ادارہ) ہے۔ NSPCC کے پاس ہیلپ لائنیں ہیں جس پر بچے اور بالغ افراد مشورہ اور تعاون کیلئے فون کرسکتے ہیں۔

بچے اور نوعمر افراد چائلڈ لائن (ChildLine) کو 0800 111 پر کال کرسکتے ہیں۔ بالغ افراد مدد اور مشورہ کیلئے 0808 800 5000 پر کال کرسکتے ہیں۔
www.nspcc.org.uk

فیملی رائٹس گروپ (FRG) ان کنبوں کو مفت رازدارانہ مشورہ اور تعاون فراہم کرتا ہے جن کے بچے لوکل اتھارٹی کی خدمات اطفال کے ساتھ شامل ہیں۔ اہل خانہ اس کی مشاورتی خدمت کو 0808 801 0366 پر مفت کال کرسکتے ہیں یا advice@frg.org.uk پر ایک ای میل بھیج سکتے ہیں۔ FRG کے پاس اس کی ویب سائٹ پر ڈھیر سارے مفت مشاورتی پرچے ہیں۔
www.frg.org.uk

کورم چلڈرنز لیگل سنٹر [Coram Children’s Legal Centre (CCLC)] بچوں، نوعمر افراد، اور ان کے خاندانوں کیلئے، اور نگرانوں و پیشہ ور افراد کیلئے مفت قانونی معلومات، مشورہ اور نمائندگیاں فراہم کرتا ہے۔ اہل خانہ قانون اطفال، عائلی قانون اور قانون تعلیم سے متعلق قانونی مشورہ کیلئے اس کی مشاورتی خدمت کو 08088 020 008 پر مفت کال کرسکتے ہیں۔
www.childrenslegalcentre.com

سٹیزنس ایڈوائس (Citizens Advice) سبھی موضوعات پر کسی کو بھی مفت، رازدارانہ اور غیر جانبدارانہ مشورہ فراہم کرنے والی ایک خود مختار تنظیم ہے۔ اس کی ویب سائٹ پر مشورہ اور معلومات بھی موجود ہے۔
www.citizensadvice.org.uk

فیملی لائیوز (Family Lives) کنبہ جاتی زندگی کے سبھی پہلوؤں پر مدد اور تعاون فراہم کرنے والی ایک قومی چیریٹی ہے۔ اس کے پاس پیرنٹ لائن (0808 800 2222) نامی ایک خفیہ خدمت ہے، جس پر والدین پرورش و پرداخت اور کنبہ جاتی زندگی کے کسی بھی پہلو پر معلومات، مشورہ، رہنمائی اور تعاون کیلئے لینڈ لائنوں سے اور بیشتر موبائلوں سے کال کرسکتے ہیں۔
www.familylives.org.uk

ہوم اسٹارٹ یوکے (Home-Start UK) رضاکاروں کے ایک نیٹ ورک کی معرفت بچوں اور خاندانوں کا تعاون کرنے والی ایک ملک گیر چیریٹی ہے۔
www.home-start.org.uk

فیملی ایکشن (Family Action) محرومی کے شکار اور سماجی لحاظ سے الگ تھلگ پڑے خاندانوں کیلئے عملی، جذباتی اور مالی تعاون فراہم کرنے والی ایک چیریٹی ہے۔
www.family-action.org.uk

وکٹوریا کلائمبی فاؤنڈیشن (Victoria Climbié Foundation) بچوں کی سماجی نگہداشت میں شامل بچوں، نوعمر افراد اور خاندانوں کیلئے، خاص طور پر ثقافت اور عقیدہ کے پہلوؤں کے سلسلے میں مفت آزادانہ مشورہ اور ماہرانہ تعاون فراہم کرتا ہے۔
www.vcf-uk.org

© General Medical Council | The GMC is a charity registered in England and Wales (1089278) and Scotland (SC037750)
Code: GMC/WEDWCS-UR/1014